السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

جب امام کے پیچھے نماز پڑھتے ہوئے میں کوئی ایسی سورۃ پڑھ لوں جس میں آیت سجدہ ہو تو کیا کروں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اس حالت میں آپ سجدہ نہ کیجیے کیونکہ امام کی اقتداء واجب ہے اور سجدہ تلاوت سنت ہے لہذا مقتدی ہونے کی صورت میں یہ سجدہ جائز نہ ہوگا اگر آدمی قصد وارادہ سے سجدہ کرے اور اسے یہ علم ہو کہ اس حال میں اس کے لئے یہ سجدہ جائز نہیں ہے تو اس سے اس کی نماز باطل ہو جائے گی۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص384

محدث فتویٰ